کہتے ہیں کہ ہم نے پیسہ ادھر خرچ کیا ہے۔ پھر جناب سپیکر، یہ کہتے ہیں اسی صفحے پر دیکھیں۔ اجمل شاہ سیشن جج، مجھے اگر کوئی مردان میں اجمل شاہ سیشن جج بتادیں تو جو بھی سزا ہے میں بھگتنے کے لئے تیار ہوں۔ تو یہ جواب آپ نے جو ہمیں نہیں دیا ہے، آپ کے پاس ہے، ابھی آپ نے کاپی دی ہے۔ جناب سپیکر، اور اس میں وہ لوگ نہیں ہیں جن کے نام پر خرچ کیا گیا ہے پھر مجھے جناب سپیکر، یہ بتادیں۔ یہ لکھا ہے Office building maintenance تو یہ لکھتے ہیں۔ سیشن جج آفس -/55,7000 روپے، جناب سپیکر، وہ کونسی مرمت ہے سیشن جج کے آفس کی جو 5 لاکھ 57 ہزار روپے پر ہوئی۔ 5 لاکھ 57 ہزار روپے پر تو نیا دفتر بن سکتا ہے تو یہ کہاں خرچ ہوئے۔ جناب سپیکر! یہ ایم پی اے صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، یہ مجھ سے بہتر جانتے ہیں، سب مردان کے ایم پی ایز ہیں، یہ نام جو میں نے بتائے ہیں، کیا ایک سیشن جج کے آفس پر، مجھے کوئی شخص یہ بتادو کہ ایک سیشن کے آفس پر 5 لاکھ 57 ہزار روپے Maintenance کا خرچہ ہو سکتا ہے، یہ ہمارے ساتھ مذاق نہیں ہے تو اور کیا ہے جناب سپیکر، ہم کیسے بیٹھے اس ہاؤس میں جب اس طرح کی انفارمیشن ہمیں ملے۔

جناب سپیکر: آپ دل گردہ بڑا رکھیں بس آرام سے بیٹھ جائیں، جواب سے مطمئن نہ ہوں تو پھر۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جواب تو انہوں نے دو دیا ہے، جواب تو دو دیا ہے، خیبر آرمی ہاؤس، جناب سپیکر صاحب، خیبر آرمی ہاؤس پر ڈسٹرکٹ کونسل کا Maintenance کا پیسہ کیسے لگ سکتا ہے۔ جناب سپیکر، اگر یہ حال ہے تو کم از کم جناب سپیکر، میں اس Question hour میں نہیں بیٹھنا چاہتا۔ باقی آپ کی مرضی ہے۔ (تالیاں)

(اس مرحلہ پر معزز اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب محمد ارشد خان: دیکبنې ئے مردان نشته روډ دیارلسم نمبر کبنې وئیلی دې۔ مردان نشته روډ ئے وئیلی دی په دې باندې یو نیم لاکھ روپئی خرچ شوی دی۔ په مردان نشته روډ باندې هډو چرے کار نه دې شوې، هیڅ چرته کار نه دې شوې نه یو خبر چې دا چرته شوې دې؟

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! میری ایک گزارش ہے افسوس کا مقام یہ ہے کہ سوال کنندہ جواب سنے بغیر، یہ میری عقل سے بالا تر ہے، اپنی کم عقلی میں اس کو میں اچھا نہیں سمجھتا کہ کم از کم محکمے کی طرف سے حکومت کی طرف سے جواب تو سنتے۔ ہم بھی یہ نہیں چاہتے، ایم ایم اے کی گورنمنٹ میں اس طرح کی Illegality ہو۔ انکو ہم اور اپوزیشن والے متفقہ طور پر Pinpoint کر کے، ان لوگوں کے خلاف جنہوں نے سرکاری اور ایم ایم اے کی گورنمنٹ میں غلط طریقے سے پیسے لگائے ہوں انکو کیفر کردار تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے لیکن مجھے یہ افسوس ہے کہ وہ ہمارے جواب سنے بغیر ہاؤس سے نکل گئے، حالانکہ یہاں پر سول جج اور سیشن جج کے ناموں میں یا Designations میں تو کچھ غلطی ہو سکتی ہے لیکن بنگلے تو وہاں پر موجود ہیں۔ اگر اسی بنگلے میں جسطرح کہ 5 لاکھ اور دو لاکھ کا فرق بتا رہے ہیں اگر وہ غیر مناسب سمجھتے ہیں تو شاید ہم اس کے ساتھ یہ تسلیم کرتے کہ اس کے خلاف انکوائری کی جائے یا مشترکہ کوئی ٹیم بنائی جائے اور وہاں بھیجی جائے تو ایک نکتہ پر ہم پہنچتے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اسی کو بہانہ بنا کر انہوں نے اچھا نہیں کیا۔

جناب فرید خان: پوائنٹ آف آرڈر جی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، فرید خان صاحب۔

جناب فرید خان: جی یہاں، دلته د قانون او د دې هاؤس د دغه خلاف ورزی کیږی، خلاف ورزی دا کیږی چې یو کوئسچن اوشی نو په هغه باندې د ضمنی کوئسچن حق د رسره شته دې خو د لوئے لوئے تقریرونو حق ورسره نشته دې لهذا د ایوان وخت ضائع کیږی، او د هغې وخت په آړ کښې دا، د دې په آړ کښې خلق د دې نه واک آؤټ کوی۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: دا فرید خان صاحب۔

جناب فرید خان: د هغې په آړ کښې خلق واک آؤټ کوی۔

جناب سپیکر: دا فرید خان صاحب۔

جناب فرید خان: د هغې په آړ کښې خلق واک آؤټ کوی۔ د دې ایوان هم بے عزتی،

جناب سپیکر: فرید خان صاحب۔

جناب فرید خان: د دې ایوان استحقاق مجروح کیږی۔ دا یو روایت جوړ دې، د دې بالکل قطعاً اجازت۔

جناب سپیکر: فرید صاحب۔ فرید خان صاحب چیئر۔

(مداخلت)

جناب فرید خان: او جی، د دې اجازت بالکل نه دې ورکول پکار۔

جناب سپیکر: فرید خان صاحب کښېنه۔ Sit down please, please sit down listen the Chair. The Chair is fully aware from his functions and from his privileges and from his rights.

میں جانتا ہوں قواعد وضوابط کو۔ آپ چیئر کو کبھی Dictate نہ کریں۔ انہوں نے جو نکتہ اٹھایا ہے بالکل وہ Relevant تھا۔ مطلب یہ ہے کہ قانونی تقاضے پورے کئے گئے ہیں یا نہیں کئے گئے ہیں۔ انہوں نے جو تفصیل یونین کونسل وائز، سوال ان کا مکمل تھا، جواب نامکمل تھا لیکن ان کو Treasury Benches سے جواب سننا چاہیئے تھا اگر وہ Treasury Benches کے جواب سے مطمئن نہ ہوتے تو اور بھی راستہ ہو سکتا تھا۔ ہم اس کو کمیٹی میں بھیج سکتے تھے، ہم اس کے خلاف انکوائری بھی کر سکتے تھے۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ حکومت کے مؤقف کو سنے بغیر انہوں نے یعنی اپنا انکا جمہوری حق ہے لیکن بہر حال یہ دنیا کا دستور ہے اور قانون ہے کہ No one should be condemned un-heard ان کو حکومت کا نقطہ سننا چاہیئے تھا۔ فرید خان صاحب! مستقبل کے لئے آپ یہ ذہن سے نکالئے کہ چیئر اپنے اختیارات یا قوائد و ضوابط سے باخبر نہیں ہے۔ بالکل ہم باخبر ہیں اور ان شاءاللہ ہم نوٹس لیں گے۔

جناب فرید خان: نہیں، میں اس حوالے سے کہنا چاہتا ہوں کہ ضمنی کوسچین کے جواب میں متعلقہ وزیر کا جواب سننا چاہیئے تھا، اس کے بغیر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ کی Responsibility نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب فرید خان: اس کے باوجود اگر وہ مطمئن نہ ہوتے تو تب وہ پھر واپس۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ کی Responsibility نہیں ہے۔

جناب فرید خان: ہاں جی۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، میاں نثار گل صاحب،

میاں نثار گل: شکریہ جناب سپیکر، جناب سپیکر، جناب سپیکر وزیر اعلیٰ اکرم خان درانی صاحب پرون د عمرے نه واپس راغلے دي، مونږ هغه ته مبارک باد ورکوؤ۔ او مونږ دا هم وایو چې د خانه کعبے نه څوک راشي نو د هغه دعا قبولیږي، هغه دې زمونږ د پاره په ایوان کښې دعا اوکړي چې دا ټول ایوان ان شاء الله تعالی دغه شي۔ دعا دې اوکړي۔

جناب سپیکر: ہم سب ان کو خوش آمدید کہتے ہیں اور مبارک باد دیتے ہیں۔ نیکسٹ کوئسچن نمبر 321 جناب نثار صفدر خان، Absent. It Lapsed. کوئسچن نمبر 352 الحاج محمد آیاز خان۔ Absent, it lapsed. کوئسچن نمبر 355 قاضی محمد اسد خان (Absent ,it lapsed) کوئسچن نمبر 396 جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور، (Absent, it lapsed) کوئسچن نمبر 434 جناب نثار صفدر صاحب، (Absent, it lapsed) کوئسچن نمبر 448 جناب جناب وجیہہ الزمان خان ۔ (Absent, it lapsed)

(اس مرحلہ پر معزز اراکین واک آؤٹ ختم کرکے ایوان میں داخل ہوئے)

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

318 _ جناب پیر محمد خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ڈیری چکیسر روڈ کی سکیم سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل تھی؛

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم پر کام جاری تھا کہ حکومت کی تبدیلی کے باعث بند کر دیا گیا؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو موجودہ حکومت مذکورہ سکیم کی اہمیت مد نظر رکھ کر دوبارہ شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سینئیر وزیر: (الف) جی ہاں یہ سکیم مالی سال 99-1998 نمبر 685 کے تحت شامل تھی۔

(ب) جی ہاں مذکورہ سکیم پر 30% کام Earth Work میں ہوا تھا اور مارچ 2000ء میں بند ہوا اور آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل نہیں کیا گیا اس کی بڑی وجہ سکیم پر 50% سے کم اخراجات تھے جو کہ اس وقت حکومت نے کام مکمل کرنے کے لئے شرط رکھی تھی۔

(ج) جی ہاں ڈیری چکیسر، پورن مارتونگ، میرہ باٹ کوٹ وغیرہ کو ADP سیریل نمبر 187 Completion of incomplete work in roads and bridges کے تحت شامل کردیا گیا P&D میں منظوری کے لئے پیش ہوا لیکن PDWP میں کچھ فنی وجوہات کی وجہ سے واپس کردیا گیا۔ چیف انجینئر صاحب نے ابھی تک دوبارہ Estimate نہیں بھیجا ہے اس سکیم کو ADP 2003-04 کے سیریل نمبر 691 پر دوبارہ شامل کر لیا گیا ہے اور مستقبل قریب PDWP منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا اور منظوری کی صورت ان سکیموں پر کام شروع کیا جائے گا۔

321 _ جناب نثار صفدر خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سابقہ دور حکومت میں پیپلز پروگرام کے تحت ضلع ایبٹ آباد میں کثیر تعداد میں سکولوں کیلئے عمارتیں تعمیر کی گئی تھیں؛

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ یہ سکول ابھی تک محکمہ تعلیم کے حوالے نہیں کئے گئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں۔

(i) ضلع ایبٹ آباد میں اس پروگرام کے تحت کل کتنے سکول تعمیر کئے گئے اور ہر سکول پر خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کیا جائے؛

(ii) ان سکولوں کو اب تک محکمہ کے حوالہ کیوں نہیں کیا گیا ہے نیز حکومت کب تک یہ عمارتیں محکمہ تعلیم کے حوالے کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(iii) آیا حکومت وقت غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے؟

سینئیر وزیر: (الف) سابقہ دور حکومت میں پیپلز ورکس پروگرام کے تحت ضلع ایبٹ آباد میں محکمہ ورکس اینڈ سروسز نے کوئی تعمیراتی کام نہیں کیا۔

(ب) جیسا کہ (الف) میں بیان کیا گیا ہے۔

(ج) جیسا کہ (الف) میں بیان کیا گیا ہے۔ کوئی سکول تعمیر نہیں کیا گیا۔

i۔ کوئی سکول تعمیر نہیں کیا گیا

ii۔ کوئی سکول تعمیر نہیں کیا گیا

iii۔ چونکہ محکمہ ورکس اینڈ سروسز نے کوئی تعمیراتی کام نہیں کیا ہے لہذا انکوئری کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

352 _ الحاج محمد آیاز: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع بٹگرام کا علاقہ ٹھیکری میدانی علاقہ ہے لیکن وہاں کے عوام خشک سالی کی وجہ سے یہاں نقل مکانی پر مجبور ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو آیا حکومت مذکورہ علاقے کا سروے کر کے جہاں مناسب ہو وہاں چھوٹے ڈیم تعمیر کرنے اور دوسری جگہوں پر ٹیوب ویل تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سینیئر وزیر: (الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ ٹھیکری میدانی علاقہ ہے جس میں پبلک ہیلتھ کی ایک واٹر سپلائی سکیم چل رہی ہے جس کا منبع (Source) چشمے ہیں۔

(ب) ابھی تک محکمہ ہذا کے زیر غور ایسا کوئی منصوبہ نہیں جس میں چھوٹے ڈیم اور ٹیوب ویل کی تنصیب مذکورہ علاقوں میں شامل ہو مزید برآں آبپاشی کیلئے ڈیم اور ٹیوب ویل محکمہ آبپاشی کی ذمہ داری ہے۔

355 _ قاضی محمد اسد خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2000-1999 کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ہری پور کے موضع سکندر پور کے لئے واٹر سپلائی سکیم اور سینیٹشن سکیم کی منظوری دی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے سکندر پور میں ٹیوب ویل کیلئے بور کیا گیا تھا اور ملحقہ ٹیوب ویل سے استعمال شدہ مشینری نصب کی گئی تھی؛

(ج) (i)۔ آیا حکومت سکندر پور واٹر سپلائی سکیم میں نئی مشینری کی تنصیب اور تلو کر میں سینی ٹیشن سکیم مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ii)۔ مذکورہ سکیم کو بروقت مکمل نہ کرنے کی وجوہات بتائی جائیں نیز حکومت غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

سینیئر وزیر:(الف) سال 99-1998 سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ہری پور کے موضع سکندر پور کیلئے واٹر سپلائی سکیم اور تلوکر گاؤں کیلئے ایک سینی ٹیشن سکیم کی منظوری دی گئی تھی۔ جس کی تخمینہ لاگت ADP S.No. 575/980087 میں 1.123 ملین روپے لگایا گیا تھا۔

(ب) جی ہاں یہ بھی درست ہے کہ سکندر پور میں پرانے ٹیوب ویل کے خشک ہونے کے بعد نیا ٹیوب ویل بنایا گیا تھا ٹیوب ویل کے خشک ہونے سے ایک بڑا علاقہ متاثر ہو گیا تھا لیکن نئے ٹیوب ویل کو چلانے کے لئے اور نئی مشینری کے لئے کوئی رقم مختص نہیں تھی اس لئے عوامی دباؤ کے پیش نظر اور پانی کی سپلائی بحال رکھنے کے لئے پرانے ٹیوب ویل کی مشینری جو کہ قابل استعمال تھی نصب کی گئی۔

(ج) (i)۔ اکتوبر 1999 میں حکومت کی تبدیلی کے بعد جن سکیموں پر 25% سے کم کام ہوا یا خرچہ ہوا تھا ان کو Priority-3 میں رکھا گیا یا Drop کر دیا گیا۔ بحوالہ چھٹی نمبر 8-14/03 مورخہ 28/02/2003 اور چیف انجینئر نے بھی بحوالہ چھٹی نمبر 300150-AB/04 مورخہ 28/02/2000 (کاپی "ج" پر ہے) P&D سے درخواست کی کہ اس سکیم کو Priority-3 سے Priority-1 میں لایا جائے لیکن ایسا نہیں ہوا اور مذکورہ سکیم کو ADP سے نکال دیا گیا چونکہ اس منصوبے کے نامکمل رہنے میں افسران کی غفلت شامل نہیں ہے اس لئے حکومت ان کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کر رہی۔

(ii)۔ جناب والا حکومت کے زیر غور ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے جس میں سکندر پور واٹر سپلائی سکیم پر نئی مشینری نصب کرنے اور تلوکر میں سینی ٹیشن سکیم مکمل کرنا شامل ہو۔

396 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تحصیل کلاچی میں دریائے بونی کا پل پر 96-1995 میں کام شروع کیا گیا تھا تاحال نامکمل ہے؛

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ہر سال ADP میں مذکورہ پل کے لئے لاکھوں روپے مختص کیے جاتے ہیں نیز رواں مالی سال کے ADP میں بھی رقم مختص کی گئی ہے؛

(ج) اگر(الف)اور(ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

(i)۔سات سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود مذکورہ پل مکمل نہ ہونے کی وجوہات بتائی جائیں؛

(ii) مذکورہ عرصے میں لاکھوں روپے مختص کرنے کے باوجود کام شروع نہ کرنے کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

سینیئر وزیر: (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں یہ کافی حد تک درست ہے کہ ماسوائے 98-1997 باقی ہر سال ADP میں فنڈ مختص ہوتے رہے ہیں۔

(ج) اس سلسلے میں عرض ہے کہ مندرجہ بالا سکیم پر 12/04/1995 کو تمام لوازمات کی تکمیل پر کام ٹھیکیدار سے شروع کرایا گیا جس کی لاگت مبلغ -/4,22,45,000 روپے تھی۔ کام 97-1996 تک بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رہا لیکن PC-1 کے مطابق فنڈز کی عدم دستیابی اور 98-1997 میں ADP میں فنڈز کی مکمل عدم گنجائش کے باعث ٹھیکیدار نے کام بند کر لیا اور سول جج-III ڈیرہ اسماعیل خان کی عدالت میں اپنی بقایاجات کی ادائیگی کے لئے اپیل دائر کر دی۔ کیس مختلف عدالتوں میں 1999 تک زیر سماعت رہا آخر کار 22/12/1999 کو ہائی کارٹ بنچ ڈی آئی خان کے فیصلے کے مطابق ٹھیکیدار کو تمام بقایاجات کی ادائیگی کی گئی جب اس کی زر ضمانت کی واپسی اور بقایا ٹھیکہ ختم کرنے کے عدالتی احکامات کو روبہ عمل لانے کے لئے اعلیٰ محکمانہ افسروں سے رائے طلب کی گئی اور ہائی کورٹ کی فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں محکمے کی طرف سے اپیل کے بارے میں لکھا گیا جنہوں نے ایڈوکیٹ جنرل صوبہ سرحد سے اس بارے میں رائے طلب کی۔ ایڈوکیٹ جنرل نے کیس کو تفصیل سے مطالعہ کرنے کے بعد کیس کو مزید سپریم کورٹ تک لے جانے کو ان فٹ قرار دیا جس کے بعد ٹھیکیدار کو زر ضمانت کی ادائیگی کر دی گئی اور ٹھیکہ ختم کر دیا گیا۔ یہ منصوبہ دوبارہ بقایا کام کے لئے 23.4548 ملین روپے کے لئے منظور ہو چکا ہے اور اس کے مطابق اس پر کام دوبارہ شروع ہو چکا ہے اور جس کے لئے ضلعی حکومت نے سال 03-2002 کے دوران مبلغ 6.452 ملین روپے دیئے تھے لیکن اب ضلعی حکومت مزید فنڈ جو کہ 17 ملین روپے ہوتے ہیں دینے سے انکاری ہے اور چاہتی کہ چونکہ یہ منصوبہ وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کے ڈائریکٹیو کے تحت ADP 2003-04 میں

ADP No. 729 پر موجود ہے جبکہ ADP میں اس کے لئے مبلغ 5 لاکھ روپے بھی رکھے گئے ہیں اگر صوبائی حکومت بقیہ رقم جو کہ 17 ملین روپے بنتی ہے مہیا کردے تو یہ منصوبہ جون 2004 تک مکمل کر لیا جائے گا۔

434 _ جناب نثار صفدر خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے حسن ابدال مانسہرہ روڈ کو دورویہ کرنے کی منظوری دی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ سڑک پر کیا پیش رفت کر رہی ہے اور کام کب شروع ہوگا؟

سینیئر وزیر: (الف) جی نہیں ابھی تک حکومت پاکستان نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے حسن ابدال مانسہر روڈ (N-35) کو دورویہ کرنے کا فیصلہ نہیں کیا۔

(ب) چونکہ مذکورہ روڈ کا تعلق نیشنل ہائی وے اتھارٹی سے ہے اس لئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی سے رپورٹ طلب کی گئی، رپورٹ کے مطابق نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے مذکورہ روڈ پر ٹریفک کا جائزہ لینے کے لئے مختلف متعلقہ ایجنسیوں کو کام سونپا ہے جب بھی قابل عمل تجاویز اور معلومات ان کی طرف سے فراہم کی گئیں تو نیشنل ہائی وے اتھارٹی ان کا جائزہ لے کر روڈ کو دورویہ کرنے کا فیصلہ کرے گی۔

448 _ جناب وجیہہ الزمان خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ 95-1994 کے دوران نواز آباد تا منڈہ کچھ روڈ تعمیراتی کام کی وجہ سے دو میل تا نواز آباد روڈ متاثر ہوئی ہے؛

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ کی مرمت کے لئے احکامات صادر ہوئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو نواز آباد روڈ کی مرمت اور متاثرہ حصے کے بحالی کیلئے محکمہ کیا اقدامات کر رہا ہے تفصیل فراہم کی جائے؟۔

سینیئر وزیر: (الف) 97-1996 کے دوران نواز آباد تا منڈہ کچھ روڈ کی تعمیر کے دوران دو میل تا نواز آباد روڈ کا کچھ حصہ سلائڈنگ کی وجہ سے متاثر ہوا تھا جو کہ اسی وقت بحال کیا گیا تھا۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) 2000-1999 میں جبوڑی تا نواز آباد روڈ کی بحالی کے لئے کریش پروگرام کے تحت ایک سکیم تیار کی گئی تھی لیکن حکومت کی تبدیلی کی وجہ سے یہ سکیم ختم کر دی گئی تھی اور اس کے بعد اور کوئی سکیم منظور نہیں ہوئی موجودہ حکومت نے شنکیاری تا نزال بن براستہ نواز آباد ایک نئی سکیم کے لئے رپورٹ طلب کی ہے جو کہ ارسال کر دی گئی ہے اگر یہ سکیم منظور ہو جائے تو مذکورہ روڈ کا حصہ بھی دوبارہ تعمیر ہو جائے گا۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ بغرض منظوری میں ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اسمائے گرامی ان کے یہ ہیں۔ نمبر ایک جناب ملک قسیم الدین صاحب، ایم پی اے آج سے تا اختتام اجلاس۔ جناب حسین احمد کانجو صاحب، منسٹر آج کے لئے۔ مولانا عبدالرحمٰن صاحب، ایم پی اے آج کے لئے، جناب محمد آیاز خان، ایم پی اے آج کے لئے، جناب قلندر خان لودھی، ایم پی اے آج کے لئے، محترمہ یاسمین پیر محمد خان صاحبہ، ایم پی اے آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: ہم نے واک آؤٹ کر کے، Honourable Minister صاحب آئے اور ہم نے ان سے بات کی تو انہوں نے کہا کہ اس کو ہم کمیٹی کے حوالے کر دیں گے۔ اس کی تحقیقات کریں گے اور اس میں مردان کے جو بھی ایم پی ایز ہیں، گورنمنٹ کے ہوں یا اپوزیشن کا تو میں ایک ہی ہوں تو وہ اس میں شامل ہو جائیں تو بڑی مہربانی ہو گی اور اس کو کُسچین کو اس کمیٹی کو Refer کر دیں تاکہ جو غلط انفارمیشن یہاں پر دی گئی ہیں ان کی تحقیقات کی جائے، اور پیسے کا جو ضیاع ہوا ہے تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب! آپ انتہائی منجھے ہوئے پارلیمنٹرین ہیں اور ہاؤس کو مطلب ہے کہ آپ کے تجربے سے استفادہ، ہر ایک معزز رکن کا یہ خیال ہے کہ آپ نے اپنا مؤقف پیش کر دیا ہے۔ آپ نے بہت جلدی کی جو کہ نامناسب تھا آپ کو حکومت کا مؤقف سننا چاہیئے تھا۔ اور ایک نتیجے پر پہنچنا چاہیئے

تھااور میں نے بھی اپنا مائنڈ بنا رکھا تھا کہ میں یہ کمیٹی کو Refer کروں گا تا کہ وہاں Thrash out ہو جائے اور سچ اور جھوٹ کی تمیز ہو جائے، اور کسی نتیجے پر پہنچے، لہذا اس کو کسچن کو۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو جناب سپیکر۔ میں آپ کی جو Observations ہیں۔ جناب سپیکر میرا تو یہ خیال تھا کہ جب حکومت جواب دے گی تو Complete جواب دے گی، یہ جواب تو انہوں نے اپنے پاس رکھا ہوا تھا، ہمیں تو نہیں دیا تھا۔ یہ تو آپ کے سامنے انہوں نے وہ جواب مجھے دیا اور اس کو دیکھتے ہوئے میں نے یہ پوائنٹس نکالے۔ انہوں نے جواب میں اس ہاؤس کو Misguide کرنے کے لئے Incomplete اور غلط جواب دینے کی کوشش کی۔ اگر یہ جو ان کے پاس Point تھے، اگر یہ آپ کے تمام ممبران کو جواب کے ساتھ، اور سیکرٹریٹ کو بھیجتے اور سوالوں کو ساتھ لگاتے تو ہمیں پھر اس پر بات کرنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی لیکن انہوں نے Incomplete سوال بھیج کر اس اسمبلی کو، آپ کے سیکرٹریٹ کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بہر حال جو کو کسچن ہے وہ کمیٹی کو Refer کیا جاتا ہے اور جو۔۔۔۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): جناب سپیکر صاحب۔

جناب مظفر سید: یو خبرہ د ہ جی۔

وزیر قانون: اگر آپ دومنٹ کے لئے مجھے اجازت دیں تو میں آپ کا مشکور رہوں گا۔

جناب سپیکر: جی ملک ظفر اعظم۔

وزیر قانون: جناب والا ! جس طرح آپ نے کہا کہ ہم تقریباً عبدالاکبر خان صاحب کے شاگردوں میں شمار ہوتے ہیں اور ہمارے بہت ہی معزز اور اس ہاؤس کا ہر ممبر خواہ وہ خواتین کی طرف سے ہو یا ہماری طرف سے ہو، سب ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ لیکن میں ایک دو باتیں واضح کرنا چاہتا ہوں اگر وہ برا نہ مانیں۔ نمبر ایک بات، جب انہوں نے تقریر شروع کی اور اس Point پر آنے کے بعد اس کو جب Explain کرنے لگے تو انہوں نے کنسرڈ منسٹر کی طرف اشارہ کیا اور اشارے کے ساتھ ہی ان کے ساتھیوں نے کچھ الفاظ کہے، جس پر آپ نے مجھے روکا بھی لیکن پھر بھی آپ کی مہربانیوں کی وجہ سے مجھے اجازت مل گئی اور میں نے موقع پر اس کی وہ کردی۔ کیونکہ ہم یہاں پر اقتدار اور اپوزیشن کا مسئلہ چھیڑنا ہی

نہیں چاہتے نہ ہمارے صوبے کی یہ روایت ہے یہ ایک مثالی صوبہ ہے جس نے بجٹ بھی متفقہ طور اس صوبے کے عوام کو دیا ہے اور متفقہ طور پر شریعت بل بھی عوام کے سامنے پیش کیا ہے اور اسی طرح آج تک، جس طرح کل کالا باغ کا مسئلہ چھیڑا گیا تھا تو کالا باغ کے مسئلے پر بھی ہماری Consensus تقریباً یہی تھی لہذا میں بڑے عاجزانہ طور پر عبدالاکبر خان صاحب سے ریکویسٹ کرونگا کہ وہ اپنے ایسے ساتھیوں کو منع فرمائیں کہ وہ ایسے الفاظ دوبارہ نہ دھرائیں نمبر ایک، نمبر دو بات یہ ہے جی کہ یہ میری سوچ سے بالا تر ہے کہ عبدالاکبر خان نے آج واک آوٹ کیا عبدالاکبر خان صاحب سے میں بڑی عاجزی سے منت کرتا ہوں کہ وہ یہ بتائیں کہ ہوشیار تو وہ بہت زیادہ ہیں۔ لیکن یہ واک آوٹ کس کو Show کرنے کی لئے کیا تھا یا واقعی انہوں نے کوئی خاص، میرے خیال میں ہماری طرف سے تو کوئی جواب ہی نہیں آیا تھا۔ وہ جواب نفی میں جاتا تو پھر وہ، واک آوٹ کرتے۔ لیکن میرے خیال میں اس واک آوٹ کا Reason ہمیں بتائیں گے کہ انہوں نے کیوں یہ واک آوٹ کیا تھا۔

(مداخلت)

جناب عبدالاکبر خان: جناب! اس طرح کی کوئی۔

(قطع کلامی)

وزیر قانون: میں اپنا مدعا ایک منٹ میں Complete کرتا ہوں جناب۔ ہمارے سینیئر منسٹر صاحب نے مجھ سے یہ پوچھا کہ عبدالاکبر خان صاحب نے جو Points نکالے ہیں ان کے متعلق آپ Clear ہیں۔ تو میں نے کہا یہاں پر تو میں Clear ہوں کہ سول جج اور سیشن جج کے ناموں میں تو غلطی ہو سکتی ہے اور ادھر ادھر کی باتوں میں بھی غلطی ہو سکتی ہے لیکن عبدالاکبر خان نے جو Point raise کیا کہ پانچ لاکھ یا فلاں یا اتنی رقم خرچ ہوئی ہے اور اتنی رقم کم خرچ ہوئی ہے آرمی، کینٹ وہ ایریا ہے جس کو عام بندہ بھی جانتا ہے کہ کینٹ ایریا میں ہم کام نہیں کر سکتے اس وقت تو میں Clear نہیں ہوں کیونکہ یہ مردان کی بات ہے۔ مردان کے متعلق تو انہوں نے کہا کہ فوراً آپ یہی کہہ دیں کہ اس پر ہم ایک کمیٹی تشکیل دیں گے اور کمیٹی تشکیل کرنے کے بعد دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا اور ہم آپس میں مل کر اس کو حل کر لیں گے۔ میں پھر بھی عبدالاکبر خان صاحب سے یہی گزارش کرتا ہوں اور یہی درخواست کرتا ہوں کہ ٹریژری اور

اپوزیشن بینچوں میں آپ سب سے سینیئر رکن ہیں اور قابل احترام ہستی ہیں اور ہمارے لئے آپ نے بہت کچھ چھوڑا ہے اور ان ہی نقش قدم پر چل کر آج اس سیٹ پر بیٹھے ہیں۔ احمد حسن اور آپ جیسے لوگوں سے تو یہ توقع ہی نہیں کی جاسکتی کہ آپ ایسے واک آوٹ کر لیں تو آئندہ کے لئے ہاں یہ ضرور وضاحت کر لیں۔

(قطع کلامی)

جناب عبدالاکبر خان: آپ اسے Show کیسے کہتے ہیں۔

(قطع کلامی)

وزیر قانون: اگر کسی کو Show کرنا تھا واک آوٹ تو اس سلسلے میں بتایا جائے۔

(قطع کلامی)

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، جناب سپیکر! مجھے اگر آپ جواب صحیح دیتے اور اگر آپ جواب مکمل دیتے اور آپ جناب اس ڈیپارٹمنٹ میں، آپ سے مراد میری آپ کی ذات سے نہیں ہے۔ کیونکہ نہ تو آپ مردان کے کسی روڈ کو جانتے ہیں نہ مردان میں آپ کسی دفتر کو جانتے ہیں کیونکہ اتنی زیادہ واقفیت آپ کی نہیں ہے۔ آپ کو تو ایک ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایک جواب آیا اور آپ کو دے دیا گیا کہ یہ جواب ہے۔ لیکن سب سے پہلے جو آپ نے عرض کیا وزیر اعلیٰ صاحب کے متعلق، وزیر کے متعلق، میں تو نہیں سمجھتا کہ میں نے ایسی کوئی بات کی ہے۔ میں نے تو صرف یہ عرض کی ہے کہ یہ وزیر اعلیٰ صاحب کا محکمہ ہے۔ اگر یہاں سے بھی غلط جوابات آتے ہیں تو یہ زیادتی ہے۔ باقی اگر کسی اور رکن نے یا ہمارے اپوزیشن کے کسی رکن نے ایسی کوئی بات یا کوئی چیز کی ہے تو میں انکی طرف سے خود معافی مانگتا ہوں۔ وزیر اعلیٰ صاحب سے متعلق ہماری روایات ہیں اور ہم ان روایات پر چلیں گے۔ لیکن جناب سپیکر! میرا کوئی غلط وہ نہیں ہے میں نے سوال کیا تھا کہ یونین کونسل کے نام بتا دیئے جائیں، وہ نہیں بتائے گئے۔ میں نے کہا کہ بلڈنگ پر کتنا خرچہ ہوا ہے وہ ڈیٹیل نہیں ہے، میں نے کہا ڈیٹیل بتائی جائے وہ موجود نہیں ہے۔ میں نے کہا قانونی تقاضے پورے کئے گئے ہیں انکا کوئی ذکر نہیں کیا تو اسکا آپ کے پاس جواب تھا ہمارے پاس تو جواب نہیں تھا۔ آپ نے ہمیں اب جواب دیا تو Automatically incomplete کیا گیا اور Misguide اور پھر آپ نے

جو جواب دیا وہ بھی غلط تھا کہ انہوں نے انیس لاکھ روپے کی Administrative approval دیکر پینتالیس لاکھ روپے کیسے خرچ کر دیئے۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: بہر حال ابھی تو فیصلہ ہو گیا ہے آپ نے کمیٹی کی بات کی تو۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میں، ایک دفعہ پھر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ لیڈر آف دی ہاؤس کو ہمارے کسی ممبر کی وجہ سے کوئی تکلیف پہنچی ہے تو میں ان کی طرف سے معافی مانگتا ہوں۔ ہماری کبھی بھی یہ نیت نہیں تھی کہ، ہمارے صوبے کی اپنی روایات ہیں اور ہم اس ہاؤس کو ان روایات کے مطابق چلانا چاہتے ہیں لیکن بائیکاٹ، واک آوٹ یہ ہمارا قانونی اور آئینی حق ہے اور کوئی بھی ہم سے یہ حق نہیں چھین سکتا۔

جناب محمد ارشد خان: یوه خبره ده، ډیره ضروری خبره راته ښکاری، ماوئیل دا تاسو او مونږه دواړو له دابیوروکریټ دا جوابونه تیار وی نو مونږه Misguide کوی تاسو هم Misguide کوی۔

جناب سپیکر: په دې خبره اوشوه ارشد خان۔

جناب محمد ارشد خان: او جی زه درته یوه خبره کوم په دېدغه باندېهغه مخکښې تاسو وئیل چې دا کمیټی ته Refer کړئی۔ کمیټی ته مونږه مخکښې دا انډسټریل دغه باندې یوه کمیټی اجلاس شوې وو۔په هغې کښې ترے ما یو تپوس اوکړو چې تاسو باندی څومره خرچې د دې صوبے لګی او آمدن ستاسو څومره دې۔ په هغې کښې ئے ماله یو غلط جواب راکړو چې دهغې هیڅ تصدیق نشته دې۔ یو کروړ روپئی تقریباً خرچې ده او تقریباً دولس کروړه روپئی مونږه دې صوبے ته آمدن ورکوؤ۔ هغه د بجټ او د نور دغه مطابق نه ده۔ ما هغه ترے خیرے کړل۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: زما په خیال ارشد خان صاحب دا مسئله حل شوه، دد ے هر یو خبرې خپله لار وی که غلط جواب درکوی نو دهغې د پاره Privilege Motion شته دې

که تفصیلی جواب نه وی نو دهغې د پاره ته نوټس ورکولے شے۔اوس تاسو چې کومه فیصله اوکړه دا سپیشل کمیټی ستاسو مطلب دې کنه سټینډنګ کمیټی؟

جناب عبدالاکبر خان: ایم پی ایز سره جی زمونږه کار دې۔ ایم پی ایز صرف۔

جناب سپیکر: نه هغه به په کښې رااوغواړو خومطلب دا دې چې ولے۔ یعنی Already یوه کمیټی شته دې۔

Is it the desire of the House that the question No.294 may be referred to the Standing Committee on Works and Services along with MPA of the District concerned?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The question is referred to the Standing Committee concerned.

جواب واره کنه۔

تحاریک التواء

Mr. Speaker: Item No.6.Adjournment Motions.

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: سپیکرصاحب! دا چې کوم کوئسچن پاتے شو۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Mr. Atiqur Rehman, MPA, to please move his adjourned Motion No.211, in the House.

قاضی محمد اسد خان: سر! ہمارے سوال رہ گئے ہیں۔

جناب سپیکر: وہ تو Lapse ہو گئے ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: وہ سب Lapse ہو گئے ہیں۔

جناب اسراراللہ گنڈاپور: سر! اس پر بات کرنا ہمارا حق ہے۔

جناب سپیکر: اس پر بات نہیں ہو سکتی۔ وہ تو۔۔۔۔۔

جناب خلیل عباس خان: سر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: نہیں عبدالاکبر خان پھر آپ کے ساتھ۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Mr. Atiqur Rehman, MPA to please move his adjournment motion No. 211 in the House. Mr. Atiqur Rehman, MPA please.

جناب عتیق الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! معمول کی کارروائی روک کر ایک اہم مسئلے کو زیر بحث لایا جائے "کہ ڈی سی او ضلع ہنگو نے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے ٹاؤن ناظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کو سبوتاژ کیا اور لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے قانون کی دھجیاں اڑادیں اور مختلف طریقوں سے من مانیاں کیں۔" لہذا بحث کی جائے۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عتیق الرحمان: جناب سپیکر! ډی سی او هنګو د ټاؤن ناظم خلاف تحریک عدم اعتماد کارروائی کړےوه چې هغه د آرډیننس کهلم کهلا خلاف ورزی ده۔ ما سره هغه ریکارډز دی چې کوم ډی سی او صاحب کړے دی۔ اول ئے پکښې لیټر کړے دې چې دا میټنګ دې په ټی ایم اے آفس کښې اوشی۔ 7 تاریخ 5 بجے ئے یو آرډر ویستلے دې چې هغه زه ستاسو په وساطت تاسو ته حواله کومه بیا دویم آرډر ئے پکښې کړے دې، په آٹھ تاریخ آته بجے چې دا د ټی ایم اے آفس نه زما آفس ته منتقل شی۔ جناب سپیکر، په هغې کښې لاء اینډ آرډر مسئله هم Create شوه۔ او هلته کښې جهګړه اوشوه او خلقو پکښې سرونه، نائب ناظمانو پکښې یو بل اووهل او ډیر حالات ئے خراب کړل۔ هغې نه بعد سیکرټری لوکل ګورنمنټ یو لیټر پکښې ایشو کړو چې ډی سی او د دې Authorize نه دې چې هغه میټنګ کال کړی، عدم اعتماد میټنګ کال کړی۔ هغه غیرقانونی طریقے سره میټنګ کال کړو۔ په یو ورځ کښې ئے دوه آرډرونه ایشو کړل۔ یو ئے دا اوکړو چې د ټی ایم اے آفس کښې به میټنګ وی او د هغې نه بعد پنځه بجے ئے بل آرډر اوکړو چې د ټی ایم اے آفس کښې به نه وی۔ هغه به زما آفس کښې وی، چې د روزنامچے رپورټ هم موجود دې۔ ایس پی په دې باندې لیکل کړی دی، د هغه آرډر هم شته دې چې کوم هغه کړے دې او د لوکل ګورنمنټ سیکرټری چې کوم آرډر کړے دې چې هغه غیرقانونی دې هغه زه تاسو ته درلیږم، تاسو ئے پخپله اوګورئ، هغه مکمل غیرقانونی دې۔ هغې کښې داسې هیڅ نشته، هغه د آرډیننس کهلم کهلا خلاف ورزی ده او خپل اختیاراتو نه تجاوز کوی۔ هغه ته بار بار سیکرټری لوکل ګورنمنټ دا اولیکل چې د دې نوټیفکیشن چې کوم عدم

اعتماد شوې دی هغه په Within three days کښې کوه خو چونکه هغه ځان ته وائی، د کرپشن انتهائے اوکړه او په فنډز کښې، د سکولونو په فرنیچرو کښې ئے گھپلے اوکړے، ځان نه ئے All and all جوړ کړے دې۔ که مونږه ورته فون اوکړو نو هغه زمونږه د فون جواب نه راکوی۔ په آفس کښې هغه نه کیښنی نو زما دا التماس دې چې دا دې کمیټۍ ته حواله کړی او د دې شئ دې تحقیقات اوشی او چې کوم Irregularities ئے کړی دی هغې باندې دې کمیټې کیښنی او هغه دې فیصله اوکړی او چې کوم Irregularities ئے کړی دی د هغې نشاندهی به ان شاءالله زه بیا په کمیټۍ کښې کوم۔ تهینک یو۔

Mr. Speaker: Sardar Muhammad Idrees, Minister concerned for Local Government.

جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر! ڈسٹرکٹ ہنگو کے ٹاؤن کے بارے میں جو انہوں نے بات کی ہے اس ضمن میں جو طریقہ کار ہے اس کے لئے No confidence motion صرف اور صرف ٹی ایم اے کے دفتر میں ہو سکتا ہے۔ اور جو ایجنڈا اس سلسلے میں ایشو ہوا ہے، پہلے جو ڈی سی او نے کیا ہے وہ دوبارہ چیلنج نہیں ہو سکتا اور اس ضمن میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے جو مؤقف اپنایا ہے وہ مؤقف درست ہے اور اس کے لئے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے ان کو واضح طور پر یہ کہا ہے کہ اگر آپ دوبارہ عدم اعتماد کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں تو تین دن کا نوٹس دے کر آپ وہ پیش کر دیں۔ اور وہ اس وجہ سے چونکہ دوبارہ جب، ڈی سی او کے دفتر میں پانچ افراد تھے اور ٹی ایم اے ہنگو کے دفتر میں وہاں پر چار افراد تھے تو یہ پھر ممکن نہیں تھا۔ اس طرح سے ایک نیا سلسلہ شروع ہو جائے گا کہ لوگ پھر مختلف دو جگہوں پہ، جہاں پر لوگ زیادہ ہونگے وہاں پر اس طرح کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ لہٰذا اس کو روکنے کے لئے ایک مستقل پالیسی اپنائی گئی کہ آئندہ ٹاؤنز ٹی ایم اے تحصیل یا ٹاؤن کے خلاف جو بھی عدم اعتماد ہو گی وہ ان ہی کے دفتر میں ہو گی اور اگر وہاں پر لاء اینڈ آرڈر کا کوئی مسئلہ ہو گا تو ہم متعلقہ ایس پی کو ایس ایچ او کو وہاں کے لاء اینڈ آرڈر کو قائم رکھنے والے جو ادارے ہیں، ہم ان کو کہیں گے کہ وہاں پر Ensure کریں اور جہاں تک بدعنوانی کا تعلق ہے، کرپشن کا تعلق ہے تو اس کے لئے آڈٹ موجود ہے۔ اس کے سپیشل انسپکشن کے لئے لوکل گورنمنٹ کمیشن کے ممبران بھی موجود ہیں، وہ ہم وہاں پر بھیجیں گے اور ہم اس سلسلے میں کسی کو Spare نہیں کریں گے۔ کرپشن کے مسئلے پر ہم کسی کو Spare نہیں کریں گے۔ تیسری بات جو میں کہنا چاہ

رہاہوں وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ اس سلسلے میں بالکل Impartial ہے اور ہم نے Impartiality ابھی تک برقرار رکھی ہوئی ہے کہ ہم کسی کے خلاف تحریک عدم اعتماد کو روکنے میں یا اس کو جاری کرنے میں Interested نہیں ہیں۔ ہم چاہ رہے ہیں کہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت تمام ادارے اپنا اپنا کام کریں اور ان شاءاللہ ہم ان کے ساتھ Impartiality کو برقرار رکھیں گے۔ تھینک یو جی۔

جناب عتیق الرحمان: جناب سپیکر! وزیر بلدیات صاحب نے خوب عرض فرمایا لیکن میری عرض یہ ہے کہ آپ مجھے یہ بتائیں کہ ڈی سی او صاحب کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ میٹنگ کال کریں؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: ڈی سی او چونکہ وہاں پر ایک ذمہ دار افسر ہے اور جو پہلا آرڈر ایشو ہوا ہے وہ مجھے نہیں معلوم کہ ڈی سی او کو اگر ٹی ایم او ریکویسٹ کریں تو اس وقت ان پر آرڈر ایشو کر سکتا ہے لیکن جو دوسرا آرڈر۔۔۔۔۔

جناب عتیق الرحمان: آپ سر مجھے یہ بتائیں کہ ڈی سی او صاحب کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ میٹنگ کال کریں؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: ڈی سی او کے پاس ایسا کوئی اختیار نہیں ہے۔ڈی سی او کے پاس As such کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنے دفتر کے اندر میٹنگ کال کرے لیکن اس کا جو Proper طریقہ کار ہے وہ میں نے بتا دیا ہے اور اگر ڈی سی او نے اس ضمن میں قانونی۔۔۔۔۔

جناب عتیق الرحمان: سر! میرا یہ کوسچن ہے کہ ڈی سی او کے پاس یہ اختیار ہے یا نہیں ہے؟

جناب سپیکر: جناب شہزادہ، عتیق الرحمان صاحب پلیز، جناب شہزادہ گستاسپ خان صاحب۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): بڑا Simple سا سوال معزز ممبر نے کیا ہے وزیر بلدیات صاحب سے کہ کیا ڈی سی او کو یہ اختیار ہے کہ وہ میٹنگ کال کر سکے۔ اگر اسے نہیں ہے تو He cannot call the meeting، سمپل سی بات ہے۔ یہ ہاں اور نہیں میں جواب دیں۔

جناب عتیق الرحمان: نہیں ہے تو اس نے میٹنگ کال کی ہے، سپیکر صاحب کی میز پر پڑا ہوا ہے، آپ دیکھ سکتے ہیں۔ اس لئے میں کہنا چاہتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ جب اس کا یہ اختیار بھی نہیں ہے، پہلے تو اس نے ٹی ایم اے آفس میں اجلاس طلب کیا اس کے بعد اس نے اپنے دفتر میں کس طرح طلب

کیا۔ وہاں پر روزنامچہ رپورٹ پڑی ہوئی ہے۔ اس میں ایس پی صاحب نے کلیر کٹ لکھا ہوا ہے کہ ہمیں یہ Instructions تھیں کہ آپ ٹی ایم اے آفس جائیں۔ جب ہم ٹی ایم اے آفس گئے تو نو بجے ایک اور آرڈر ایشو ہوا کہ آپ ڈی سی او آفس جائیں، تو یہ کیا ہے؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: اس ضمن میں یہ کیس Already لوکل گورنمنٹ کمیشن میں آچکا ہے اور ڈی سی او کو یہ کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ ٹی ایم ایز کے عدم اعتماد یا اعتماد کے سلسلے میں کوئی بھی میٹنگ کال کریں۔ تو لوکل گورنمنٹ کمیشن اس کو دیکھے گا، اگر وہ اس کا مرتکب ہوا تو یقیناً اس کی خلاف کارروائی ہو گی۔

جناب عتیق الرحمان: اس کو سر کمیٹی کے حوالے کیا جائے کیونکہ یہ تو غیر قانونی ہے۔ غیر قانونی کام اس نے کس طرح کیا ہے؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: لوکل گورنمنٹ کمیشن ایک ایسا ادارہ بنا ہوا ہے جو لوکل گورنمنٹ کے معاملات کو، لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت ہم اس کو چلانا چاہتے ہیں اور لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت ایسا کوئی بھی Conflict ہو، ایسا کوئی بھی Misunderstanding ہو، ایسی کوئی بھی بات ہو، ایسی کوئی بھی Irregularity ہو تو لوکل گورنمنٹ کمیشن کے تحت ایک ادارہ ہے جو ان تمام پہلوؤں کو دیکھ کر تمام Aspect کو دیکھ کر یہ Determine کرے گا کہ یہ کام ٹھیک ہے یا ٹھیک نہیں ہے۔ تو پھر ہم چیف منسٹر کو اس سلسلے میں Recommendations بھیجیں گے کہ یہ------

قائد حزب اختلاف: سر! عدم اعتماد کے سلسلے میں یا کسی بھی لوکل گورنمنٹ کی Institution کے Function میں کمیشن Figure نہیں کرتا۔ جہاں پر لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ لوکل گورنمنٹ کی Institutions کے اندر اختلاف آجائیں، Elected representatives کے اندر اختلافات آجائیں یا لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کو Follow نہ کیا جا رہا ہو تو وہاں پر ٹھیک ہے یا کوئی انکوائری Conduct کرنی ہو یا انکا Conduct دیکھنا ہو تو ٹھیک ہے لوکل گورنمنٹ کمیشن، لیکن جہاں پر سر Institutional معاملات ہوں تو Elected forum ہے وہاں پر، ڈی سی او کو مداخلت کا حق کیا پہنچتا ہے۔ The members can decide for themselves. یہ democratic Institutions ہیں، یہاں پر کوئی مداخلت

نہیں کر سکتا جیسا کہ صوبائی اسمبلی کے کام میں کوئی Undemocratic element نہیں دخل دے سکتا۔ اسی طرح اس میں بھی کوئی نہیں دے سکتا سر۔ قانون کو Follow کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! Simple سی بات ہے۔ انہوں نے کوئسچن کیا کہ ڈی سی او نے جو ایکشن لیا کیا وہ اس کا قانونی حق تھا؟ منسٹر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ کہتے ہیں کہ نہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: منسٹر صاحب نے جواب دیا ہے کہ نہیں تو بات ختم ہو گئی۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے جو اختیار استعمال کیا ہے، جو کام کیا ہے وہ Null and void automatically ہو گیا کیونکہ جب اس کے پاس اختیار ہی نہیں تھا تو پھر وہ کیسے یہ سارا کام کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ کہ ڈی سی او نے جو کام کیا ہے وہ Null and void ہے، اس کی قانون میں کوئی حیثیت نہیں ہے اور Further proceeding کی جائے۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): اگر آپ کی اجازت ہو؟

جناب بشیر احمد بلور: یو منټ د پارہ۔

جناب سپیکر: جی بشیر احمد بلور۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! دا زمونږ منسټر خبرہ اوکړہ چې دا کمیشن بہ فیصلہ کوی نو مونږ دا خپل لا سونہ ولے کټ کوؤ؟ او کمیشن تہ او بل تہ ورکوؤ۔ دا صوبائی اسمبلی دہ، دیکښې یو کمیټی جوړہ دہ، زمونږہ د بلدیاتو کمیټی شتہ نو پکار دا دہ چې دومرہ غیرقانونی کار شوې دې، یو څنګہ چې دوئی اووئیل چې ډیر Responsible افسر دې، هغہ ډیر افسر یو غلط کار کوی نو پکار دہ چې کمیټئ تہ حوالہ شی او Thrash out شی۔ هغہ خو Vote of confidence خو تاسو تہ پتہ دہ، سیاست خو دا دې چې Vote of no confidence اوس فیصلہ کیږی او بیا چې یو ورځ تیرہ شی نو بیا خلق بلے پارټئ تہ لاړ شی۔ بیا بل No confidence vote نو هغوې چې کومہ خواری No confidence د پارہ کړے وہ هغہ خو ټولہ ختمہ شوہ۔ ولے چې هغہ ټائم ملاؤ شو نو هغہ خلق بہ ئے بیا واپس کړے وی۔ نو ډی سی او خو هغہ Vote of no confidence خو سبوتاژ کړو۔ نو

پکار ده دې باره کښې کمیټې دې کیښنې، فیصله دې اوکړي۔ دا یو جمهوري طریقه ده چې تائم ملاؤ شي بیا خو هغه هر څه ختمیږي۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: جناب سپیکر! معزز رکن نے یہ کہا یہ کمیشن کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے۔ لوکل گورنمنٹ کمیشن میں، لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں کمیشن کے یہ دائرہ اختیار میں ہے، اس طرح کے جتنے بھی کام ہوں۔ جہاں بھی کہیں یہ Irregularity ہو چونکہ یہ Irregularity کے ضمن میں آتا ہے اور کہیں پر بھی کوئی بھی اس طرح کی بات ہو، جہاں پر ڈسٹرکٹ، کیونکہ جو ڈی سی او ہیں، ڈی سی اوز ہیں اور جو ڈسٹرکٹ ناظم ہیں یہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی Composition میں آتے ہیں اور ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور تحصیل ٹی ایم ایز کے درمیان اگر کوئی بھی Conflict ہو تو یہ کمیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ وہاں پر اس کو Elaborate کرے۔ اس کو واضح کرے اور اس کے اندر Decision کرے اور وہ Decision چیف ایگزیکٹیو آف دی پراونس کو Recommend کرے اور پھر Chief Executive of the Province کو جو ہم Recommend کریں گے، اس کے مطابق یا اپنے طور پر جو بہتر سمجھتے ہیں اس کے بارے میں Decision کریں گے۔ تو یہ کلیر کٹ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی Jurisdiction میں ہے۔ معزز رکن مجھے بتائیں کہ یہ کونسی لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی اور کس شق کے تحت یہ کہہ رہے ہیں ----

قائد حزب اختلاف: میں بات کرتا ہوں سر۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: پلیز، مجھے پہلے بات ختم کرنے دیں۔

جناب سپیکر: ان کا مؤقف سنیں پھر آپ جواب دیں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: تو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے مطابق میں بات کر رہا ہوں اور یہ لوکل گورنمنٹ کمیشن کی Jurisdiction کے اندر ہے کہ اس کے درمیان کوئی بھی بات ہو ہم اس کو، اور میں کہہ چکا ہوں کہ اگر ڈی سی او کے وہ لیٹرز آپ کے پاس موجود ہیں، میرے پاس تو موجود نہیں ہیں تو اس کے خلاف ہم لوکل گورنمنٹ کمیشن میں اس کو بلا کر، اس کی ہم Hearing کر کے اس کے بعد ہم Chief

Executive of the Province کو Recommendations بھیجیں گے کہ اس کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس کے بعد کوئی ایسی بات رہ جاتی ہے۔

جناب شاد محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب سپیکر: شاد محمد خان۔ شاد محمد خان۔

جناب شاد محمد خان: عرض دا دې چې نن خو ډيره تلخي پيدا ده څه وجه ده، په دې اسمبلئ کښې۔

جناب سپیکر: تلخي خو نشته۔

جناب شاد محمد خان: ډيره زياته خشکي ده۔ او دا به لږے شی په چايو۔ ټائم ئے هم دې۔ دولس بجے دی۔ ستنے سورے دی۔ د چايو وقفه اوکړئ چې لږ Fresh شو۔ بيا به کوو دغه لا نجے۔ دا نه ختميږی۔

قائد حزب اختلاف: سر! یہ انہوں نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی

قائد حزب اختلاف: یہ کیا ہے۔ This does not pertain to a conflict between the council or anything. یہ ایک غلط آرڈر کیا گیا ہے۔ Sabotage کرنے کے لئے، لوکل گورنمنٹ کی کارروائی کو اور ایک سرکاری ملازم نے کی ہے۔ کسی لوکل کونسل نے نہیں کی ہے۔ And it is proved by what the honourable member has said in the house. It is proved and he believe an the honourable member. کسی بھی ممبر پر ہم ان شاءاللہ تعالی یہاں پر Believe کرتے ہیں۔ اور اگر اس نے مداخلت کی ہے جو کہ منسٹر لوکل گورنمنٹ نے خود۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر نے۔

قائد حزب اختلاف: تسلیم کیا ہے کہ اسے یہ اختیار حاصل نہیں ہے۔ اگر اسے یہ اختیار حاصل نہیں ہے۔ تو ہم چیف منسٹر صاحب سے درخواست کریں گے کہ وہ مداخلت کریں اور جس نے اپنے اختیار کو غلط استعمال کیا ہے اس کے خلاف کارروائی کریں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی تھیک شو۔

جناب ظفر اعظم: (وزیر قانون وصنعت): یہ بالکل ٹھیک ہے۔یہ توبقول ہمارے منسٹر بلدیات اور Last میں ہمارے ایم پی اے صاحب نے بھی خود فرمایا کہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے اس کو خط لکھا ہوا ہے کہ DCO کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ اجلاس منعقد کریں کیونکہ DCO نے ایک۔۔۔۔

جناب سپیکر: لیکن جو کام غلط کیا ہے تو اس کے سلسلے میں۔۔۔۔۔

وزیر قانون: اس سلسلے میں کمیشن اپنی رپورٹ لوکل گورنمنٹ کو۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر! یہ ہمیں کمیشن کی طرف لے کر جارہے ہیں۔ کمیشن کی طرف لے کر جارہے ہیں۔1973 کے رولز کے تحت وہ گورنمنٹ سرونٹ ہے۔اور اس کے خلاف کارروائی 1973 رولز کے تحت ہونی چاہیئے۔ کمیشن میں لے کر جائیں گے تو بات اور لمبی ہو جائیگی۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: میں اس وجہ سے کہہ رہا ہوں کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی جو Composition ہے۔ Section 17of the local Govt:ordinance i.e. The EDO, s DCO,s and the Distt: Nazims اور وہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کا حصہ ہیں۔ that is

جناب سپیکر: سردار صاحب! پلیز آپ بیٹھ جائیں۔ سردار صاحب! آپ سے میں استدعا کروں گا کہ آپ اس معزز ایوان کے معزز رکن ہیں اور پھر منسٹر بھی ہیں۔ برائے مہربانی آپ اس معزز ایوان کے اختیارات کسی اور کو نہ دیں۔ (تالیاں) آپ نے خود تسلیم کیا ہے کہ DCO نے کام غلط کیا ہے۔ جب DCO نے کام غلط کیا ہے۔ تو جسطرح معزز رکن نے اعتماد کیا لیڈر آف دی ہاؤس پر کہ وہ خود اس سلسلے میں اس کی چھان بین کریں۔ تو میرا یقین ہے کہ چونکہ وہ متفقہ طور پر اس ایوان کے لیڈر آف دی ہاؤس ہیں۔ اور ہاؤس کو اس فیصلے سے آگاہ کریں گے۔

(تالیاں)

قاری محمد عبداللہ: جناب سپیکر! جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، قاری عبداللہ بنگش صاحب۔

قاری عبداللہ: شکریہ جناب سپیکر۔DCOہنگو کے بارے میں بات چلی ہے چونکہ یہاں پر تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں۔۔۔۔۔

قاری عبداللہ: ایک وضاحت کرتا چلوں کہ مذکورہ DCOصاحب مکمل طور پر مطلق العنان آمر بنے ہوئے ہیں اور میں گزارش کروں گا کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس قاری عبداللہ بنگش صاحب یہ بات اس سلسلے سے متعلق نہیں ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بس بات ختم ہو گئی ہے۔ ہم نے فیصلہ کر لیا ہےDecisionآ گئی ہے۔

قاری عبداللہ: میں تحریک استحقاق لانے کو تیار ہوں اس سلسلے میں اور اسکو OSDبنایا جائے، اس کے خلاف انکوائری کی جائے۔ میرے پاس تحریری ثبوت موجود ہیں کہ جنہوں نے۔۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: The House is adjourned for tea break.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب جمشید خان: پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب سپیکر: جمشید خان صاحب! مونږ خو لا خبره د شروع کړے نو مطلب دې۔

جناب جمشید خان: یو منټ خبره کوم جی۔

جناب سپیکر: جی۔جی

جناب جمشید خان: یو دا خبره کومه چې سحر 9بجے یا 9:30بجے ټائم دې او مونږ په یوولس بجو سیشن شروع کړو۔ اوس په 12بجو مونږ چهټی کړې ده او په سوا ایک باندې شروع کوو نو آخیر ددې قوم سره هم څه انصاف پکار دې۔چې آخر مونږه خو د خپل یو شے چې مونږ ته حق ملاویږی هغه داده چې مونږ ته خپل ټی اے ډی اے مکمل ښه ملاویږی او دهغې سره مونږه انصاف نه کوو نو زما په خیال دا به ډیره بده خبره نه وی چې مونږ د خپل ټائم خیال اوساتو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: زما په خپل خیال خو د دې جواب به زما دا رونړه په Front Benchesچې ناست دی دوئی به ورکړی آو چې یعنی څه هم ددې ایوان خبره وه

هم د دې دو کروړ عوام خبره وه۔ نو دا Explanationخو زه جناب عبدالاکبرخان ته وائیم چې دا دې پیش کړی دا جناب عبدالاکبرخان صاحب۔

جناب جمشید خان: تا دا پوائنٹ آف آرډر واوریدو چې یره تاسو د ټائیم پابندی نه کوئی چې تاسو، مطلب دا دې چې میټنګ وو اوڅه چل وو۔ چې دعوامو خبره وه که څه چل وو۔

جناب سپیکر: آپ لوگ بیٹھ جائیں ذرا آپ۔

جناب عبدالاکبرخان: جناب سپیکر آپ کی بات صحیح ہے کہ بعض چیزیں ہوتی ہیں۔ جو چیئر کے ساتھ Discussکرنی ہوتی ہیں۔Importantچیزیں ہوتی ہیں تو شاید آنریبل ممبر کو پتہ نہیں لیکن انکا جو لیڈر تھا وہ اس میٹنگ میں موجود تھا اور بہت Important Meetingتھی۔ تو اس میں ہم نےDiscussionکی۔اس میں ساری سیاسی جماعتوں کے پارلیمنٹری لیڈرز موجود تھے،تو میرے خیال میں جب آنریبل ممبر کو ہم بتادیں گے تو۔۔۔۔

جناب خلیل عباس: په دیکښې به صرف دده دا مسئلے Discussکیږی۔نور خلق به بیا هسې ناست وی جی نو۔

جناب جمشید خان: سر زما دا خبره چې سحر خو دا نه Discussکیده۔ سحر خو هم په یولس بجو شروع شو۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اگر بشیر احمد بلور صاحب بھی اس کے بارے میں کچھ کہیں کہ وہ ویسے ہی بیٹھے تھے یا کیونکہ پریس والے بھی اوپر بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکرصاحب! خنګه چې زما رور خبره اوکړه دا رښتیا خبره ده چې مونږ سحر یولس بجے اجلاس شروع کوو هغه ډیر لیټ کوو پکارداده چې مونږ اجلاس له په صحیح ټائم راشو او دا اوس چې کوم Delayشو دا هغې باره کښې داسې ده چې دا څه داسې کمیټی وه دلوکل ګورنمنټ په باره کښې دهغې کمیټی میټنګ په باره کښې مونږ تلی وو، سپیکر صاحب سره او لاءمنسټر صاحب هم موجود وو۔منسټر بلدیات هم موجود وو۔ په هغې باندې دا چې کوم نوئے بل پیش کیږی په هغې باندې مونږ Discussکولو په دې وجه باندې دا موجوده میټنګ چې دې دا په دې وجه باندې لیټ شو۔

جناب نثار صفدر خان: پوائنٹ آف آرڈر

جناب سپیکر: ان شااللہ کل صبح۔ مطلب یہ ہے کہ میں ابھی جب اجلاس کو Adjourn کروں گا تو ان شااللہ میں کہوں گا۔ آپ سے استدعا کروں گا۔

Mr. Abdul Akbar Khan MPA, to please move his adjourned motion No, 216, in the House.Mr Abdul Akbar Khan, MPA, please. اس کے بعد نثار صفدر صاحب۔

